Patient Information

# Carbamazepine Tablet

## Indications:

Carbamazepine is used alone or in combination with other medications to:

- Control certain types of seizures
- Treat trigeminal neuralgia (a condition that causes facial nerve pain)
- Treat psychotic disorders like bipolar disorder
- Manage certain neurologic conditions

## Directions for use:

- Take carbamazepine at same time every day
- Avoid regular consumption of grapefruit and pomegranate and their juices to prevent side effects
- Specific lab tests are recommended during the course of treatment which should be done on regular basis as advised by the doctor.
- Do not discontinue carbamazepine without consulting your doctor

## Tell your doctor if you:

- Are allergic to carbamazepine
- Take any other prescription or non-prescription medicine
- Have a pre-existing heart or kidney disease
- Are suffering from glaucoma (increased pressure in the eye)
- Are suffering from porphyria (a blood disorder)
- Are using contraceptive medicines
- Are pregnant, planning to become pregnant, or breast-feeding

## Common Side effects:

Common side effects may include:

- Drowsiness, tiredness, blurred or double vision
- Nausea, Dry mouth
- Headache, dizziness
- Photosensitivity

## What to do if a dose is missed:

- Take the missed dose as soon as you remember
- Skip the missed dose if it is almost time for your next scheduled dose
- Do not take extra medicine to make-up for the missed dose

## What to do if there is an overdose:

- Seek immediate medical attention for any suspected overdose
- Drink a glass of milk and call your doctor right away
- Do not make yourself vomit and do not lie down

## Overdose symptoms may include:

- Shallow breathing
- Fast heartbeat
- Nausea, vomiting
- Urinating less or not at all
- Muscle twitches
- Restlessness
- Tremors, slurred speech, staggering walk and feeling light-headed or fainting.

## Storage:

- Store at room temperature away from light and moisture
- Keep all medicines away from children and pets
- Do not use medication beyond the expiry date mentioned on the pack
- Do not share your medicine with anyone

For more information, please contact:
**Drug and Poison Information Centre, Department of Pharmacy Services,**
**Aga Khan University Hospital, Karachi**
P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,
Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

مریضوں کے لیے رہنما ہدایات

# کاربامیزاپائن گولیاں

## استعمال

کاربامیزاپائن تنہا یا دیگر ادویات کے ساتھ درج ذیل مسائل کے لیے استعمال کی جاتی ہے:

- مختلف اقسام کے مرگی کے دوروں پر قابو پانے کے لیے۔
- چہرے کا اعصابی درد کے علاج کے لیے۔
- مختلف نفسیاتی مسائل مثلاً بائی پولر ڈس آرڈر کے علاج کے لیے۔
- مختلف اعصابی مسائل کے علاج کے لیے۔

## دوا کس طرح استعمال کی جائے؟

- کاربامیزاپائن مقررہ وقت پر استعمال کریں۔
- کاربامیزاپائن استعمال کرنے والے مریضوں کو باقاعدگی سے چکوترے، انار اور ان پھلوں کے رس کے استعمال سے گریز کرنا چاہیے تاکہ ممکنہ ضمنی اثرات سے بچ سکیں۔
- دوران علاج مخصوص لیب ٹیسٹس ہونے چاہییں لہذا اس بات کا خیال رکھیں کہ ڈاکٹر کی تجویز کے مطابق لیب ٹیسٹس باقاعدگی سے کروائیں۔
- ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر کاربامیزاپائن کا استعمال ترک نہ کریں۔

## ڈاکٹر کو مطلع کریں اگر:

- آپ کو کاربامیزاپائن یا کسی اور دوا سے الرجی ہو۔
- آپ نسخے یا بغیر نسخے والی کوئی دوا استعمال کر رہے ہوں۔
- آپ کو پہلے سے دل یا گردوں کی کوئی بیماری ہو۔
- آپ کو کالا پانی (آنکھ میں دباؤ بڑھ جانا) کی شکایت ہو۔
- آپ کو پورفیریا نامی خون کی بیماری ہو۔
- آپ مانع حمل ادویات استعمال کر رہے ہوں۔
- آپ حاملہ ہوں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں یا بچے کو دودھ پلاتی ہوں۔

## عمومی ضمنی اثرات

- غنودگی، تھکن، دھندلا یا دوہرا نظر آنا
- سر چکرانا، منہ کا خشک ہونا
- سر درد، سر چکرانا
- دھوپ سے حساسیت میں اضافہ

## اگر دوا کی خوراک کھانا بھول جائیں تو:

- جیسے ہی یاد آئے تو دوا کھالیں۔
- اگر اگلی خوراک کا وقت ہوگیا ہے تو پچھلی خوراک نہ کھائیں۔
- پچھلی خوراک کی کمی کو پورا کرنے کے لیئے اضافی خوراک نہ کھائیں۔

## اگر اضافی خوراک کھالیں تو:

- فوراً طبی مدد حاصل کریں۔
- دودھ کا ایک گلاس پیئیں اور فوراً اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔
- قے کرنے کی کوشش نہ کریں اور مت لیٹیں۔

## اضافی خوراک کھالینے کی علامات:

- سانس کا سینے کے اوپری حصے تک محدود رہنا
- دھڑکن کا تیز ہوجانا
- متلی، قے
- پیشاب کا کم یا بالکل نہ آنا
- عضلات کا پھڑکنا

لرزہ، واضح انداز میں بات نہ کر پانا، لڑکھڑاتے ہوئے چلنا، سر چکرانا یا بے ہوشی

## دوا کی حفاظت:

- دوا کو کمرے کے درجہ حرارت پر دھوپ اور نمی سے محفوظ رکھیں۔
- اگر دوا کے استعمال کی میعاد گزر چکی ہو تو اسے استعمال نہ کریں۔ یہ میعاد ڈبے پر درج ہوتی ہے۔
- اپنی دوا کسی کو استعمال کرنے کے لیے نہ دیں۔
- تمام ادویات بچوں اور پالتو جانوروں سے دور رکھیں

---


مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی درج ذیل پر رابطہ کریں:

**ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز، آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی**

P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,

Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

**The Aga Khan University Hospital,** Karachi